Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ -II

وقت: 2:30 گھنٹے

حصہ اوّل

کل نمبر =80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستاں میں
صدائے نغمۂ بلبل اُٹھی بانگِ اَذاں ہو کر
ہوائے شوق سے شاخیں جھکیں خالق کے سجدے کو
ہوئی تسبیح میں مصروف ہر پتّی زباں ہوکر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا
آنکھوں پہ کھینچتا میں ، سرِ آستیں رہا

(ii) نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ
جب رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

(iii) ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا اُس کے پاس ، مرا دل وہیں رہا

حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) ''دوسروں سے کام لینے کا اُنہیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی سے اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی اُن کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے، جیسے اُن کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔''

(ب) ''دِلی کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد اُنہیں کوئی سرکاری ملازمت نہیں ملی تو سخت برہم ہوئے۔ پرنسپل سے جا کر ایک دن بولے: ''مجھے سرکاری ملازمت اگر نہیں دی گئی تو اُپلوں کی ڈنڈی کھولوں گا اور اُس پر دلی کالج کی سند لگا دوں گا۔'' مگر اُس کی نوبت نہیں آئی اور اُنہیں ملازمت مل گئی۔''

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). نواب محسن الملک (ii). قرطبہ کا قاضی

5. مولانا الطاف حسین کی نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

(i). اُردو زبان: ضرورت اور اہمیت (ii). پاکستان: ایک زرعی ملک (iii). ماحولیاتی آلودگی

7. اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں موبائل فون کے استعمال کے بڑھتے ہوئے رجحان کی طرف توجہ دلائی گئی ہو۔ 10